بخدمت جناب سیکڑری صاحب الیکشن کمیشن آف پاکستان

السلام علیکم ورحمتہ اللہ!

دعاء خیر وعافیت،

ہم اہلیان پٹوارسرکل گاڑی تحصیل کبل سوات و پٹوارسرکل کوٹلی تحصیل کبل سوات، انتہائی ادب واحترام کے ساتھ عرض کرتے ہیں کہ نئی حلقہ بندیوں میں ہمیں پی کے 6 کا حصہ بنایا گیا ہے، جبکہ پٹوارسرکل شلہنڈ تغمہ کو پی کے 8 کا حصہ بنایا گیا ہے، ذیل وجوہات کے بناپر ہمیں حلقہ پی کے 7 منتقل کیا جائے:

۱) یہ تین پٹوارسرکلز انتظامی طور پر تحصیل کبل کا حصہ ہے۔

۲) پی کے 7 یعنی کبل اور یہ تین پٹوارسرکلز ایک قوم اباخیل ہے جسے دو اکائیوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

۳) انتظامی طور پر بھی اور روزمرہ ضروریات کے لئے بھی کبل ہم سے انتہائی مختصر فاصلے پر ہے جبکہ اول الذکر دو پٹوارسرکلز کا تحصیل بریکوٹ بابوزئی اور پٹوارسرکل شلہنڈ تغمہ کا تحصیل مٹہ کیساتھ طویل فاصلوں کے بناپر کسی قسم کا ربط نہیں ہے۔اس کے نتیجہ میں رونما ہونے والے آبادی کی عددی فرق کی تفصیل حلقہ وائز درج کیا جاتا ہے:

پی کے 7 جس کی کل آبادی-297219 ہے اگر اس میں پٹوارسرکل کوٹلی (آبادی-20631)، پٹوارسرکل گاڑی (آبادی-16913) اور پٹوارسرکل شلہنڈ تغمہ (آبادی-16274) کو شامل کیا جائے تو پی کے 7 کی کُل آبادی 351037 بنتی ہے۔اس صورت میں ایک قوم ایک مواصلات ایک انتظام کے دائرے میں آسکتے ہیں لیکن آبادی مطلوبہ ہدف سے بڑھ جاتی ہے جس کے لئے ہم تجویز کرتے ہیں کہ ایم سی کبل سے درجہ ذیل سرکلز کو منہا کیا جائے تو حتمی آبادی 2888431 بن جائے گی:

ایم سی 4 کبل، آبادی-14963　　ایم سی 5 کبل، آبادی-21450　　ایم سی 6 کبل، آبادی-10552　　ایم سی 7 کبل، آبادی-15641

پی کے 8 جس کی کل آبادی-297219 ہے، اس کے ساتھ ایم سی سرکلز (7-6-5-4) جس کی آبادی-62606 ہے کو ایک قوم "اشاخیل" ہونے کے بناپر شامل کرکے آبادی 339417- بن جائے گی جو کہ الیکشن کمیشن کے مطلوبہ اعداد وشمار سے متجاوز ہے۔ لہٰذا اسی آبادی سے پی سی لابٹ تحصیل مٹہ جس کی آبادی-12986 ہے اور پی سی روڈینگار تحصیل مٹہ جس کی آبادی 23248 ہے (کُل آبادی-36243) منہا کرکے پی کے 8 کی آبادی-303183 حتمی بن جائے گی۔

پی کے 9 کی کل آبادی-274796 ہے اگر اس کے ساتھ پی سی لابٹ (آبادی-12986) اور پی سی روڈینگار (آبادی-23248) کو ملا کر آبادی-311030 بن جائے گی جو کہ مطلوبہ ہدف سے متجاوز ہے لہٰذا اس سے پی سی دارمئی راحتکوٹ کی آبادی-25903 منہا کرکے پی کے 9 کی کُل آبادی -285127 بن جائے گی۔پی سی لابٹ اور روڈینگار کو پی کے 9 میں شامل کرنا اس لئے بھی اشد ضروری ہے کہ ان پٹوارسرکلز کا تجارتی اور انتظامی مرکز مٹہ ہے۔

پی کے 2 جس کی کل آبادی-290443 ہے اس سے پٹوارسرکل فتح پور، جرے پیا جو کہ انتظامی طور پر تحصیل خوازہ خیلہ کا حصہ ہے کی آبادی-41969 منہا کرکے دارمئی راحتکوٹ کی آبادی-25903 شامل کرکے کُل حتمی آبادی-274377 بن جائے گی۔یاد رہے کہ دارمئی راحتکوٹ قومی سیٹ میں این اے 2 یعنی مجوزہ حلقہ کے ساتھ ہے۔

پی کے 3 جس کی کل آبادی-288768 ہے اس کے ساتھ پی سی فتح پور جرے پیا کی آبادی 41969 ملا کر کُل آبادی 330737 آبادی بن جائے گی جو کہ مطلوبہ ہدف سے متجاوز ہے لہٰذا پی کے 3 سے پی سی کشورہ مکمل طور پر اور تلیگرام پی سی کا باقی ماندہ حصہ یعنی سیر توہا کی آبادی-23398 منہا کرکے حتمی 298339 آبادی رہ جائے گی۔قابل ذکر بات یہ ہے کہ پٹوارسرکل کشورہ اور سیر کا فطری رابطہ نچلے حلقے کے ساتھ ہے۔

پی کے 5 بالکل درست ہے۔

پی کے 4 کی کل آبادی-291863 ہے۔اس کے ساتھ کشورہ پی سی اور سیر توہا پی سی (آبادی-23398) ملائی جائے تو کُل آبادی 324261 بن جائے گی۔اس حلقے سے صرف قمبر کی آبادی-25204 منہا کیا جائے تو صرف 299057 کی آبادی باقی رہ جائے گی۔قمبر کو حلقہ پی کے 4 سے نکالنے اور پی کے 6 کے ساتھ ملانے کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اس متصل پی سی اوڈیگرام، بلوگرام پی کے 6 کا حصہ ہے۔قمبر اور پی سی اوڈیگرام ایک انتظامی اور قومی اکائی ہے۔

جناب عالی! درجہ بالا تجاویز و حقائق کی روشنی میں درخواست پر غور فرمائیں۔ اہلیان سوات ہمیشہ کے لئے مشکور و ممنون رہیں گے۔ شکریہ

درخواست دہندہ

حاجی رحمت علی سکنہ کوٹلی پٹوارسرکل

شماریاتی بلاک کوڈ:070010905

سلسلہ نمبر: 108

تحصیل کبل، ضلع سوات

رابطہ نمبر:03429867067-03009075608